بسم اللہ الرحمن الرحیم

اس عید الفطر کے خوشی کے موقع پر ہم میں سے ہر ایک خلافت کی بحالی کی جدوجہد کرنے کا عزم کرے

اے پاکستان کے مسلمانو!

الحمد اللہ! ہمیں اپنی زندگی میں رمضان کا ایک اور مقدس مہینہ دیکھنا نصیب ہوا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمارے روزے، راتوں کا قیام اور دیگر عبادات قبول فرمائے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ہماری قربت میں اضافہ ہو اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہم میں سے ہر ایک کو دینِ حق کی سربلندی کے لیے جدوجہد کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَتَأْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنْ الْمُنْكَرِ أَوْ لَيُوشِكَنَّ اللَّهُ أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عِقَابًا مِنْهُ ثُمَّ تَدْعُونَهُ فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ** "اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! تم ضرور بالضرور معروف (بھلائی) کا حکم دو اور منکر (برائی) سے روکو، ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر اپنا عذاب بھیج دے پھر تم اللہ سے دعا کرو اور تمہاری دعا قبول نہ کی جائے" (ترمذی)۔

یقیناً یہ وحی کی بنیاد پر حکمرانی کرنے والی خلافت ہی ہے جو تمام معروف باتوں کو نافذ کرتی ہے اور تمام منکرات سے روکتی ہے۔ یہ وہ ڈھال ہے جس کے ذریعے امت اپنا دفاع کرتی ہے اور اس کے پیچھے رہ کر ہم لڑتے ہیں۔

اور یہ جمہوریت ہی ہے جو انسانوں کی خواہشات کی بنیاد پر حکمرانی کرتی ہے اور منکر کرنے کا حکم دیتی اور معروف سے روکتی ہے۔ یہ ہماری گردنوں پر تلوار کی طرح ہے جو امریکا کی غلامی، پاکستان میں اور اس کی سرحدوں پر عدم استحکام اور آئی ایم ایف کی اطاعت کے ذریعے معاشی سختیوں کو یقینی بناتی ہے۔

اسلامی طرز زندگی کی بحالی کے لیے ہم میں سے ہر ایک کو خلافت کی دعوت کے علمبرداروں کے ساتھ مل کر زبردست اور عظیم جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے۔ اور افواج میں موجود ہمارے بیٹوں اور بھائیوں کی جانب سے جو عظیم کام درکار ہے وہ یہ کہ وہ نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لیے نُصرۃ فراہم کریں۔

اور ان شاء اللہ ہم خلیفہ راشد کی حکمرانی میں عید منائیں گے جو تمام عیدوں کی عید ہو گی۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، **وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ * بِنَصْرِ اللَّهِ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ** "اور اُس روز مومن خوش ہو جائیں گے اللہ کی مدد سے۔ وہ جسے چاہتا ہے مدد دیتا ہے اور وہ غالب (اور) مہربان ہے۔ اور وہ غالب (اور) مہربان ہے" (الروم: 5-4)۔

عید مبارک اے پاکستان کے معزز مسلمانو

كل عام وأنتم بخير

ہر سال ہم آپ کو خیر وعافیت میں دیکھیں

یکم شوال 1440 ہجری

حزب التحریر

ولایہ پاکستان